# "اِس بات کا کیا مطلب ہے کہ یسوع نجات دیتا ہے؟"

جواب : یسوع نجات دیتا ہے "ایک مشہور نعرہ ہے جو گاڑیوں کے بمپروں پر لگے سٹیکروں، کھیلوں کی تقریبات میں لگے سائن بورڈوں اور یہاں تک چھوٹے ہوائی جہازوں کے ذریعے آسمان پر پھیلائے جانے والے پرچموں پر لکھا دکھائی دیتا ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ جتنے لوگ اِس جملے "یسوع نجات دیتا ہے کو دیکھتے ہیں اُس میں سے چند لوگ ہی اِس جملے کو صحیح معنوں میں اور مکمل طور پر سمجھتے ہیں کہ اِس کا کیا مطلب ہے۔ اِن چار الفاظ میں قوت اور سچائی کی زبردست کثرت پائی جاتی ہے۔

یسوع نجات دیتا ہے، مگر یسوع کون ہے؟

بہت سے لوگ خیال کرتے ہیں کہ یسوع ایک انسان تھا جو قریباً 2000 سال پہلے اسرائیل میں رہتا تھا۔ لگ بھگ دُنیا میں پائے جانے والا ہر مذہب یسوع کو ایک اچھے اُستاد اور /یا اچھے نبی کے طور پر دیکھتا ہے۔ اور بہر حال اگرچہ یہ باتیں یسوع کی ذات کی واضح سچائیاں ہیں مگر وہ نہ تو اس بات پر غور کرتے ہیں کہ حقیقی طور پر یسوع کون ہے اور نہ ہی اِس بات کو بیان کرتے ہیں کہ یسوع کیسے اور کیوں نجات دیتا ہے۔ یسوع مجسم خدا ہے (یوحنا 1 باب 1، 14 آیت)۔ یسوع خدا ہے جو اصل انسان کی حیثیت سے دنیا میں آیا ہے (1 یوحنا 4 باب 2 آیت)۔ ہمیں نجات دینے کے لیے خدا یسوع کی ذات میں انسان بنا۔ اِس بات سے مزید یہ سوال پیدا ہوتا ہے: ہمیں نجات کی کس لیے ضرورت ہے؟

یسوع نجات دیتا ہے لیکن ہمیں نجات کی کیوں ضرورت ہے؟

بائبل بیان کرتی ہے ہر انسان چاہے وہ زمین پر ہو گزرا ہے یا موجود ہے گناہگار ہے (واعظ 7 باب 20 آیت؛ رومیوں 3 باب 23 آیت)۔ گناہ سے مراد سوچ، الفاظ یا اعمال کے لحاظ سے کچھ ایسا کرنا ہے جو خدا کی کامل اور مقدس ذات سے متصادم ہو۔ اپنے گناہ کے باعث ہم سب خدا کے غضب کے مستحق ہیں (یوحنا 3 باب 18، 36 آیات)۔ خدا سچا اور راست انصاف کرنے والا ہے اِس لیے وہ گناہ اور بدی کو سزا کے بغیر نہیں چھوڑ سکتا۔ اور چونکہ خدا لامحدود اور ابدی ہے اور تمام گناہ بنیادی طور پر خدا کے خلاف ہے (51 زبور 4 آیت) لہٰذا گناہ کی سزا کا بھی لامحدود اور ابدی ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ گناہ کی واحد سزا ابدی موت ہے اِس لیے ہمیں اِس گناہ سے نجات کی ضرورت ہے۔

یسوع نجات دیتا ہے مگر وہ کیسے نجات دیتا ہے؟

چونکہ ہم نے لامحدود خدا کے خلاف گناہ کیا ہے تو اِس صورت میں یا تو ایک محدود شخص (ہم) اپنے گناہوں کے لیے لامحدود وقت تک قیمت ادا کرے یا پھر ایک لامحدود شخص (یسوع) ہمارے گناہوں کے لیے صرف ایک ہی بار قیمت ادا کر دے۔ اِس کے علاوہ کوئی حل نہیں ہے۔ یسوع ہماری خاطر اپنی جان قربان کرنے کے ذریعے ہمیں نجات دیتا ہے۔ ہمارے گناہوں کی لامحدود اور ابدی سزا کی ادائیگی کے لیے خدا نے یسوع مسیح کی شخصیت میں خود

کو قربان کیا ہے کیونکہ صرف وہی اِس قیمت کو ادا کر سکتا تھا (2 کرنتھیوں 5 باب 21 آیت؛ 1 یوحنا 2 باب 2 آیت)۔ یسوع نے ہمیں خوفناک ابدی انجام یعنی ہمارے گناہوں کے حقیقی نتیجے سے بچانے کے لیے اُس سزا کو اپنے اُوپر لے لیا ہے جس کے ہم مستحق تھے۔ ہمارے لیے بے حد محبت کے باعث یسوع نے اپنی جان ہمارے لیے قربان کی ہے تاکہ اُس گناہ کی مزدوری ادا کرے جو ہم نے اپنے گناہوں کے باعث کمائی تھی مگر ادا نہ کر سکے تھے۔ اِس کے بعد یسوع کا مردوں میں سے جی اُٹھنا اِس بات کا ثبوت ہے کہ اُس کی موت بلاشبہ ہمارے گناہوں کی قیمت ادا کرنے کے لیے کافی ہے (1 کرنتھیوں 15 باب)۔

یسوع نجات دیتا ہے، لیکن وہ کسے نجات دیتا ہے؟

یسوع اُن سب کو نجات دیتا ہے جو اُس کے نجات کے تحفے کو قبول کرتے ہیں۔ یسوع اُن سب کو نجات دیتا ہے جو اپنے گناہوں کی قیمت کی ادائیگی کے لیے صرف اور صرف اُس کی قربانی پر بھروسہ کرتے ہیں (یوحنا 3 باب 16 آیت؛ اعمال 16 باب 31 آیت)۔ چونکہ یسوع کی قربانی تمام انسانیت کے گناہوں کی قیمت کے لیے کافی ہے مگر یسوع صرف اُن لوگوں کو نجات بخشتا ہے جو شخصی طور پر اُس کے قیمتی ترین تحفے (کفارے) کو قبول کرتے ہیں (یوحنا 1 باب 12 آیت)۔

اگر آپ سمجھ چکے ہیں کہ اِس بات کا کیا مطلب ہے کہ "یسوع نجات دیتا ہے" اور اب آپ یسوع کو اپنے شخصی نجات دہندہ کے طور پر قبول کرنا چاہتے ہیں تو آپ یہ یقین دہانی کر لیں کہ آپ درج ذیل باتوں کو سمجھتے اور مانتے ہیں اور ایمان کے اقرار کے طور پر اِن باتوں کو خدا کے حضور کہنے کے لیے تیار ہیں۔ "اَے خدا مَیں تسلیم کرتا/کرتی ہوں کہ مَیں گنہگار ہوں اور مَیں جانتا/جانتی ہوں کہ اپنے گناہ کے باعث مَیں ہمیشہ کے لیے تجھ سے جُدا ہونے کا/کی مستحق ہوں۔ اگرچہ مَیں اِس قابل نہ تھا/تھی لیکن مجھ سے محبت کرنے اور میرے گناہوں کے لیے یسوع کو قربان کرنے اور مردوں میں سے زندہ کرنے کے لیے تیرا شکر ہو۔ مَیں ایمان رکھتا/رکھتی ہوں کہ یسوع میرے گناہوں کے لیے مواء ہے اور مَیں نجات کے لیے صرف اُسی پر توکل کرتا/کرتی ہوں۔ میری مدد کر تاکہ مَیں آئندہ گناہ کی بجائے تیرے لیے زندگی گزاروں۔ میری مدد کر تاکہ مَیں اپنی باقی ماندہ زندگی میں اُس حیرت انگیز نجات کے لیے تیرا/تیری شکر گزار رہوں جو تُو نے مجھے بخشی ہے۔ مجھے بچانے کے لیے یسوع تیرا شکر ہو!"